UNIVERSAL LIBRARY
OU_224568
UNIVERSAL LIBRARY

OUP—24—4-4-69—5,000

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. [illegible] Accession No. [illegible]

Author [illegible]

Title [illegible]

This book should be returned on or before the date last marked below.

ترجمہ

# میزان و منشعب

مترجم سید اسمٰعیل مولوی فاضل

## انتساب

میں اس ابتدائی قواعد عربی کی تالیف کو مربی و سرپرست علم دوست عالیجناب نواب مستطاب **مہدی یار جنگ بہادر** صدر المہام تعلیمات و فینانس وغیرہ کے اسم گرامی سے معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہوں۔

سید اسمٰعیل قادری (مولوی فاضل)

### اجازت ہے

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر تعلیمات و فینانس

مورخہ ۱۸ [illegible] ۱۳۵۱ ف

امیر حسن ۔ منتظم منشی ۔

**وجہ طباعت** یہ ناچیز بحیثیت مدرس مدرسہ میں میزان پڑھاتا ہے جو میزان ومشتہ مدارس میں پڑھائی جاتی ہے اس میں اکثر وزان و ترجمہ مثالوں کی بیسوں غلطیاں ہیں جس سے طلبا کی تعلیم و ترقی میں رکاوٹ ہوتی ہے لہٰذا میں نے اسکی تصحیح کر کے طبع کرایا ہے پھر بھی ممکن ہے اکا دکا غلطی رہ گئی ہو تو صحت فرما کر مطلع کریں تو موجب تشکر و منت ہوگا۔ خادم ناچیز سید اسمٰعیل قادری۔



بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

**تعریف افعال متصرفہ** تمام افعال متصرفہ کی تین بڑی قسمیں ہیں۔ ماضی، مستقبل، حال۔ افعال متصرفہ ان فعلوں کو کہتے ہیں کہ جن کے تمام صیغوں کی گردان آتی ہے۔ جیسے ضَرَبَ۔ نَصَرَ۔ اور افعال غیر متصرفہ ان کو کہتے ہیں جن کی گردان نہ آتی ہو جیسے لَیْسَ و عَسٰی۔ علاوہ ان کے جو قسمیں آتی ہیں وہ انہی کے فروع ہیں۔ انہی سے بنائی جاتی ہیں۔

**تعریف ماضی** ماضی اس فعل کو کہتے ہیں جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ اس کے آخر میں زبر ہوتا ہے۔ اس کے حرف کم ہوں یا زیادہ (بجز کسی خاص وجہ کے) جیسے فَعَلَ۔ فَعِلَ۔ فَعُلَ۔ فَعْلَلَ۔ ضَرَبَ۔ سَمِعَ۔ کَرُمَ۔ بَعْثَرَ۔

**تعریف مستقبل** مستقبل اس فعل کو کہتے ہیں جس میں آنے والا زمانہ پایا جائے اور آخر میں اس کے ہمیشہ پیش ہوتا ہے۔ جیسے یَفْعَلُ یَفْعِلُ۔ یَفْعُلُ۔ یُفَعْلِلُ۔ یَسْمَعُ۔ یَضْرِبُ۔ یَکْرُمُ۔ یُبَعْثِرُ مگر اس کا آخر عامل کی وجہ سے بدل جاتا ہے۔

**تعریف حال** حال ایسے فعل کو کہتے ہیں کہ جس میں زمانہ موجود پایا جائے۔ حال اور استقبال کے صیغے ایک ہی طریقہ کے

ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک ماضی و مضارع کے چودہ چودہ صیغے آتے ہیں۔

## بحث اثبات فعل ماضی معروف

| | | |
|---|---|---|
| **فَعَلَ**<br>کیا وہ ایک مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مذکر غائب | **فَعَلَا**<br>کیے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **فَعَلُوْا**<br>کیے وہ تمام مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مذکر غائب |
| **فَعَلَتْ**<br>کی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مؤنث غائب | **فَعَلَتَا**<br>کیے وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مؤنث غائب | **فَعَلْنَ**<br>کیے وہ تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مؤنث غائب |
| **فَعَلْتَ**<br>کیا تو ایک مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مذکر حاضر | **فَعَلْتُمَا**<br>کیے تم دو مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **فَعَلْتُمْ**<br>کیے تم تمام مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **فَعَلْتِ**<br>کی تو ایک عورت زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مؤنث حاضر | **فَعَلْتُمَا**<br>کیے تم دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر | **فَعَلْتُنَّ**<br>کیے تم تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مؤنث حاضر |
| **فَعَلْتُ**<br>کیا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ<br>گزشتہ میں صیغہ واحد متکلم | **فَعَلْنَا**<br>کیے ہم دو مرد یا دو عورت زمانہ<br>گزشتہ میں صیغہ تثنیہ و جمع متکلم | |

## فائدہ

| | |
|---|---|
| **الف** تثنیہ مذکر غائب کی علامت | **حرف تا** تثنیہ مؤنث غائب کی علامت |
| **واؤ** ماقبل مضموم جمع غائب کی 〃 | **نون** مفتوح جمع مؤنث 〃 〃 |
| **تائے** ساکن واحد مؤنث غائب کی 〃 | اور اسی طرح ت تما تم ت تما تن ت نا |

**ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ** اگر ماضی مجہول بنانا چاہو تو فعل معروف کے (ف) کلمہ کو پیش دو اور عین کو زیر جبکہ زبر یا پیش نہ ہو اور ل کلمہ کو بدستور رکھو ماضی مجہول بن جائیگا۔

# بحث اثبات فعل ماضی مجہول

| | | |
|---|---|---|
| **فُعِلَ** کیا گیا وہ ایک مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مذکر غائب | **فُعِلَا** کیے گئے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **فُعِلُوْا** کیے گئے وہ سب مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **فُعِلَتْ** کی گئی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث غائب | **فُعِلَتَا** کی گئیں وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث غائب | **فُعِلْنَ** کی گئیں وہ سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مونث غائب |
| **فُعِلْتَ** کیا گیا تو ایک مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **فُعِلْتُمَا** کیے گئے تم دو مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **فُعِلْتُمْ** کیے گئے تم تمام مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **فُعِلْتِ** کی گئی تو ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث حاضر | **فُعِلْتُمَا** کی گئیں تم دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **فُعِلْتُنَّ** کی گئیں تم تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مونث حاضر |

| | |
|---|---|
| **فُعِلْتُ** کیا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد متکلم | **فُعِلْنَا** کیے گئے ہم تمام مرد یا تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع متکلم |

**ماضی منفی بنانے کا قاعدہ** ماضی مثبت کے پہلے لفظ ما حرف نفی سے آؤ اور ما ء نفی لفظ میں کچھ عمل نہیں کرتا البتہ معنی بدل دیتا ہے

یعنی مثبت کو منفی بنا دیتا ہے۔

# بحث نفی فعل ماضی معروف

| | | |
|---|---|---|
| مَا فَعَلَ<br>نہ کیا اس ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد غائب | مَا فَعَلَا<br>نہ کیے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | مَا فَعَلُوْا<br>نہ کیے وہ تمام مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| مَا فَعَلَتْ<br>نہ کی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث غائب | مَا فَعَلَتَا<br>نہ کیے وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث غائب | مَا فَعَلْنَ<br>نہ کیے وہ تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مونث غائب |
| مَا فَعَلْتَ<br>نہ کیا تو ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مذکر حاضر | مَا فَعَلْتُمَا<br>نہ کیے تم دو مردوں نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | مَا فَعَلْتُمْ<br>نہ کیے تم تمام مردوں نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| مَا فَعَلْتِ<br>نہ کی تو ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث حاضر | مَا فَعَلْتُمَا<br>نہ کیے تم دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | مَا فَعَلْتُنَّ<br>نہ کیے تم تمام عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مونث حاضر |
| مَا فَعَلْتُ<br>نہ کیا میں ایک مرد یا ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد متکلم | مَا فَعَلْنَا<br>نہ کیے ہم دو مرد یا دو عورتوں نے یا سب مرد یا سب عورتوں نے صیغہ جمع متکلم | |

## نوٹ

مَا ضَرَبَ مَا سَمِعَ مَا فَتَحَ مَا كَرُمَ

اس کی مشق کریں۔

# بحث نفی فعل ماضی مجہول

| | | |
|---|---|---|
| **مَا فُعِلَ**<br>نہ کیا گیا وہ ایک مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مذکر غائب | **مَا فُعِلَا**<br>نہ کیے گئے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **مَا فُعِلُوْا**<br>نہ کیے گئے وہ تمام مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **مَا فُعِلَتْ**<br>نہ کی گئی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث غائب | **مَا فُعِلَتَا**<br>نہ کی گئیں وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث غائب | **مَا فُعِلْنَ**<br>نہ کیے گئے وہ تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مونث غائب |
| **مَا فُعِلْتَ**<br>نہ کیا گیا تو ایک مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **مَا فُعِلْتُمَا**<br>نہ کیے گئے تم دو مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **مَا فُعِلْتُمْ**<br>نہ کیے گئے تم تمام مرد زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **مَا فُعِلْتِ**<br>نہ کی گئی تو ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث حاضر | **مَا فُعِلْتُمَا**<br>نہ کیے گئے تم دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **مَا فُعِلْتُنَّ**<br>نہ کی گئیں تم تمام عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع مونث حاضر |
| **مَا فُعِلْتُ**<br>نہ کیا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد متکلم | **مَا فُعِلْنَا**<br>نہ کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم تمام مرد یا تمام عورتیں صیغہ جمع متکلم | |

**سوالات** - یہ کون صیغے ہیں؟ مَا فُعِلْنَ - مَا فُعِلْتُمْ، مَا ضُرِبْتُمْ
فعل فاعل پر ختم ہونے والے صیغے یعنی جس کو فعل لازم کہتے ہیں بتاؤ؟
ماضی کی چھے قسمیں ہیں (۱) ماضی مطلق (۲) ماضی قریب (۳) ماضی بعید
(۴) ماضی استمراری (۵) ماضی احتمالی (۶) ماضی تمنائی۔
ماضی قریب بنانا ہو تو لفظ قَدْ اور ماضی بعید بنانا ہو تو لفظ کَانَ

اور ماضی احتمالی بنانا ہو تو لفظ لَعَلَّمَا اور ماضی تمنّائی بنانا ہو تو لفظ لَیْتَمَا ماضی مطلق کے اول بڑھا دو اور اگر ماضی استمراری بنانا ہو تو لفظ کَانَ مضارع کے اول بڑھا دو۔

## تعریفات

(۱) ماضی مطلق وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ بغیر کسی قید کے پایا جائے جیسا فَعَلَ کیا وہ ایک مرد زمانہ گزشتہ میں تا فَعَلْنَا

(۲) ماضی قریب وہ فعل ہے جس کا مدت زمانہ نزدیک کا پایا جائے۔ جیسا کہ قَدْ فَعَلَ کیا وہ ایک مرد زمانہ قریب میں تا قَدْ فَعَلْنَا

(۳) ماضی بعید وہ فعل ہے جس کا مدت زمانہ دور کا پایا جائے۔ جیسا کہ کَانَ فَعَلَ کیا تھا وہ ایک مرد زمانہ بعید میں۔ اور لفظ کَانَ حسب وزن واحد و تثنیہ و جمع لایا جاتا ہے مثلاً کَانَ۔ کَانَا۔ کَانُوا تا کُنَّا فَعَلْنَا۔

(۴) ماضی استمراری وہ فعل ہے جس کے کام کا زمانہ ختم نہ ہو بلکہ جاری رہے جیسا کہ کَانَ یَفْعَلُ کرتا تھا وہ ایک مرد۔ یہہ کَانَ بھی اسی طرح آتا ہے مگر ہمہ مضارع

(۵) ماضی تمنائی وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں آرزو یا شرط پائی جائے جیسے کہ لَیْتَمَا فَعَلَ کاش کہ کرتا وہ ایک مرد۔ یہہ لفظ لَیْتَمَا قَدْ کی طرح تا فَعَلْنَا نہیں بدلتا۔

(٦) ماضی احتمالی وہ فعل ہے جس سے گزرے ہو زمانہ میں شک پایا جائے۔ جیسا کہ لَعَلَّمَا فَعَلَ شاید کیا ہو وہ ایک مرد۔ یہہ لَعَلَّمَا بھی لَیْتَمَا کی طرح تا فَعَلْنَا بدلتا نہیں۔

مشقی اوزان۔ نَصَرَ۔ ضَرَبَ۔ سَمِعَ۔ کَرُمَ۔ ان سے ماضی قریب و بعید و استمراری۔ احتمالی و تمنائی صیغے بناؤ اور ترجمہ بھی کرو۔

کَانَ فَعَلَ۔ کَانَا فَعَلَا۔ کَانُوا فَعَلُوا۔ کَانَتْ فَعَلَتْ۔ کَانَتَا فَعَلَتَا۔ کُنَّ فَعَلْنَ۔ کُنْتَ فَعَلْتَ
کُنْتُمَا فَعَلْتُمَا۔ کُنْتُمْ فَعَلْتُمْ۔ کُنْتِ فَعَلْتِ۔ کُنْتُمَا فَعَلْتُمَا۔ کُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ۔ کُنْتُ فَعَلْتُ۔ کُنَّا فَعَلْنَا

# مضارع کا بیان

(۱) اگر مضارع بنانا ہو تو ماضی کے شروع میں کوئی علامت مضارع کی لاکر ماضی کے آخر حرف کو پیش دو۔ مضارع کی علامت یہ چار حرف ہیں الف۔ ت۔ ی۔ ن جس کا مجموعہ اَتَیْن ہے اَلِف صرف واحد متکلم کے صیغہ کے لیے آتا ہے اور ت آٹھ صیغوں کے لیے تین مذکر حاضر کے لیے تین مؤنث حاضر کے لیے اور ایک واحد مؤنث غائب کے لیے اور ایک تثنیہ مؤنث غائب کے لیے ی چار صیغوں کے واسطے آتی ہے تین مذکر غائب کے واسطے اور ایک مؤنث غائب کے واسطے ن تثنیہ متکلم اور جمع متکلم کے لیے آتا ہے خواہ وہ مذکر ہو یا مؤنث۔

(۲) سات صیغوں میں ن اعرابی لاؤ تثنیہ مؤنث غائب تثنیہ مذکر حاضر تثنیہ مؤنث حاضر ان میں ن اعرابی ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور دو جمع کے صیغوں (جمع مذکر غائب اور جمع مذکر حاضر) میں اور ایک واحد مؤنث حاضر میں ان تین صیغوں میں نون اعرابی ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور جمع مؤنث کا نون جیسا کہ فعل ماضی میں آتا ہے ویسا ہی فعل مضارع میں بھی آتا ہے۔

# بحث اثبات فعل مضارع معروف

| | | |
|---|---|---|
| **يَفْعَلُ** کرتا ہے یا کریگا وہ ایک مرد زمانہ حال و استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | **يَفْعَلَانِ** کرتے ہیں یا کرینگے وہ دو مرد زمانہ حال و استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **يَفْعَلُونَ** کرتے ہیں یا کرینگے وہ سب مرد زمانہ حال و استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **تَفْعَلُ** کرتی ہے یا کریگی وہ ایک عورت زمانہ حال و استقبال میں صیغہ واحد مونث غائب | **تَفْعَلَانِ** کرتی ہیں یا کرینگی وہ دو عورتیں زمانہ حال و استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث غائب | **يَفْعَلْنَ** کرتی ہیں یا کرینگی وہ تمام عورتیں زمانہ حال و استقبال میں صیغہ جمع مونث غائب |
| **تَفْعَلُ** کرتا ہے یا کریگا تو ایک مرد زمانہ حال و استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **تَفْعَلَانِ** کرتے ہیں یا کروگے تم دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **تَفْعَلُونَ** کرتے ہیں یا کروگے تم تمام مرد زمانہ حال و استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **تَفْعَلِيْنَ** کرتی ہے یا کریگی تو ایک عورت زمانہ حال و استقبال میں صیغہ واحد مونث حاضر | **تَفْعَلَانِ** کرتی ہیں یا کروگی تم دو عورتیں زمانہ حال و استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **تَفْعَلْنَ** کرتی ہیں یا کروگی تم تمام عورتیں زمانہ حال و استقبال میں صیغہ جمع مونث حاضر |
| **اَفْعَلُ** کرتا ہوں یا کرونگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ حال و استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **نَفْعَلُ** کرتے ہیں یا کرینگے ہم تمام مرد یا عورتیں زمانہ حال و استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

## مضارع مجہول بنانیکا قاعدہ

مضارع مجہول اس طرح بنائیں بمضارع معروف کی علامتوں کو جن کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں الف۔ ت۔ ی۔ ن ان میں سے کسی کو پیش دو اور ما قبل آخر کو زبر دو اگر پیش یا زیر ہو اور لام کلمہ کو بدستور قائم رکھو مضارع مجہول بن جائیگا۔

# بحث اثبات فعل مضارع مجہول

| | | |
|---|---|---|
| **يُفْعَلُ** کیا جاتا ہے یا کیا جاویگا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | **يُفْعَلَانِ** کیے جاتے ہیں یا کیے جاویں گے وہ دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **يُفْعَلُونَ** کیے جاتے ہیں یا کیے جاویں گے وہ سب مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **تُفْعَلُ** کی جاتی ہے یا کی جاویگی وہ ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مونث غائب | **تُفْعَلَانِ** کی جاتی ہیں یا کی جاوینگی وہ دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث غائب | **يُفْعَلْنَ** کی جاتی ہیں یا کی جاوینگی وہ سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مونث غائب |
| **تُفْعَلُ** کیا جاتا ہے یا کیا جاویگا تو ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **تُفْعَلَانِ** کیے جاتے ہیں یا کیے جاویں گے تم دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **تُفْعَلُونَ** کیے جاتے ہیں یا کیے جاویں گے تم سب مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **تُفْعَلِيْنَ** کی جاتی ہے یا کی جاویگی تو ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مونث حاضر | **تُفْعَلَانِ** کی جاتی ہو یا کی جاؤگی تم دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **تُفْعَلْنَ** کی جاتی ہو یا کی جاؤگی تم سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مونث حاضر |
| **أُفْعَلُ** کیا جاتا ہوں یا کیا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد متکلم۔ | **نُفْعَلُ** کیے جاتے ہیں یا کیے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع متکلم۔ | |

اگر نفی لا کی بنانا ہے تو مضارع کے اول میں لائے نفی کا لا داخل کرو اور لائے نفی اسکو کہتے ہیں جو کسی کام کے نہ ہونے کو بتلاوے اور لائے نفی مضارع میں کچھ عمل نہیں کرتا لیکن معنی میں عمل کرتا ہے کہ مثبت کو منفی کر دیتا ہے

اور لائے نفی فعل مضارع میں بہ نسبت مائے نفی کے زیادہ آتا ہے۔

## بحث نفی فعل مضارع معروف

| | | |
|---|---|---|
| **لَا یَفْعَلُ**<br>نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا وہ<br>ایک مرد زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ واحد مذکر غائب | **لَا یَفْعَلَانِ**<br>نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے وہ<br>دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **لَا یَفْعَلُوْنَ**<br>نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے<br>وہ سب مرد زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **لَا تَفْعَلُ**<br>نہیں کرتی ہے یا نہیں کریگی وہ<br>ایک عورت زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ واحد مونث غائب | **لَا تَفْعَلَانِ**<br>نہیں کرتی ہیں یا نہیں کرینگی وہ<br>دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مونث غائب | **لَا یَفْعَلْنَ**<br>نہیں کرتی ہیں یا نہیں کرینگی<br>وہ سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مونث غائب |
| **لَا تَفْعَلُ**<br>نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا تو<br>ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ واحد مذکر حاضر | **لَا تَفْعَلَانِ**<br>نہیں کرتے ہو یا نہیں کروگے تم<br>دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **لَا تَفْعَلُوْنَ**<br>نہیں کرتے ہو یا نہیں کرینگے<br>تم سب مرد زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **لَا تَفْعَلِیْنَ**<br>نہیں کرتی ہے یا نہیں کریگی تو<br>ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ واحد مونث حاضر | **لَا تَفْعَلَانِ**<br>نہیں کرتی ہو یا نہیں کروگے تم<br>دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **لَا تَفْعَلْنَ**<br>نہیں کرتی ہو یا نہیں کروگے<br>تم سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مونث حاضر |

| | |
|---|---|
| **لَا اَفْعَلُ**<br>نہیں کرتا ہوں یا نہیں کرونگا<br>میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ<br>حال یا استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **لَا نَفْعَلُ**<br>نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے ہم دو مرد<br>یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ<br>حال یا استقبال میں صیغہ جمع متکلم |

مثبت وہ ہے جس میں کسی کام کا اقرار ہو منفی وہ ہے جس میں کسی کام کا انکار ہو۔

# بحث نفی فعل مضارع مجہول

| | | |
|---|---|---|
| لَا یُفْعَلُ<br>نہیں کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جائیگا<br>وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ واحد مذکر غائب | لَا یُفْعَلَانِ<br>نہیں کیے جاتے ہیں یا نہیں کیے جائینگے<br>وہ دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر غائب | لَا یُفْعَلُوْنَ<br>نہیں کیے جاتے ہیں یا نہیں کیے<br>جائینگے وہ سب مرد زمانہ حال یا<br>استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| لَا تُفْعَلُ<br>نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کیجائیگی<br>وہ ایک عورت زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ واحد مونث غائب | لَا تُفْعَلَانِ<br>نہیں کی جاتی ہو یا نہیں کیجاوینگی<br>وہ دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مونث غائب | لَا یُفْعَلْنَ<br>نہیں کیجاتی ہو یا نہیں کیجاوینگی<br>سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مونث غائب |
| لَا تُفْعَلُ<br>نہیں کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جائیگا<br>تو ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ واحد مذکر حاضر | لَا تُفْعَلَانِ<br>نہیں کیے جاتے ہو یا نہیں کیے جاؤگے<br>تم دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | لَا تُفْعَلُوْنَ<br>نہیں کیے جاتے ہو یا نہیں کیے جاؤگے<br>تم سب مرد زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| لَا تُفْعَلِیْنَ<br>نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کیجائیگی<br>تو ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ واحد مونث حاضر | لَا تُفْعَلَانِ<br>نہیں کیے جاتے ہیں یا نہیں کی جاوینگی<br>تم دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ تثنیہ مونث حاضر | لَا تُفْعَلْنَ<br>نہیں کی جاتی ہو یا نہیں کی جاوگی<br>تم سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال<br>میں صیغہ جمع مونث حاضر |
| لَا اُفْعَلُ<br>نہیں کیا جاتا ہوں یا نہیں کیا جاؤنگا<br>میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں<br>صیغہ واحد متکلم | لَا نُفْعَلُ<br>نہیں کیے جاتے ہیں یا نہیں کیے جائینگے ہم دو مرد یا دو<br>عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ حال یا<br>استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

مشق - یُفْهَمُ - یُعْلَمُ - یُجْتَنَبُ کی نفی معروف و مجہول کی گردان و معنی کرو -

بیان نفی بہ لن - اس کے بنانیکا قاعدہ یہہ ہے کہ مضارع کے شروع میں

لن لے آؤ اور اس نفی کو نفی تاکید بہ لن کہتے ہیں لفظ لن پانچ صیغوں میں زبر دیتا ہے واحد مذکر غائب۔ واحد مونث غائب۔ واحد مذکر حاضر۔ واحد متکلم۔ جمع متکلم اور سات صیغوں میں نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ تثنیہ مذکر غائب۔ تثنیہ مونث غائب۔ تثنیہ مذکر حاضر۔ تثنیہ مونث حاضر۔ جمع مذکر غائب۔ جمع مذکر حاضر۔ واحد مونث حاضر اور دو صیغے جمع مونث غائب اور جمع مونث حاضر کے لفظوں میں کچھ عمل نہیں کرتا اس لیے ان کے آخر میں نون اعرابی نہیں ہے بلکہ نون جمع کا ہے اور یہ نون ایک ہی حالت پر رہتا ہے کبھی بدلتا نہیں اور لن کا معنوی عمل یہ ہے کہ مضارع کو معنی میں مستقبل منفی کے کر دیتا ہے یعنی حال کے معنی باقی نہیں رہتے،

## بحث نفی تاکید بہ لن در فعل مستقبل معروف

| | | |
|---|---|---|
| **لَنْ یَّفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کریگا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | **لَنْ یَّفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کرینگے وہ دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔ | **لَنْ یَّفْعَلُوْا**<br>ہرگز نہیں کرینگے وہ تمام مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **لَنْ تَفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کریگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مونث غائب | **لَنْ تَفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کرینگی وہ دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث غائب۔ | **لَنْ یَّفْعَلْنَ**<br>ہرگز نہیں کرینگی وہ تمام عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مونث غائب |
| **لَنْ تَفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کریگا تو ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **لَنْ تَفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کروگے تم دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **لَنْ تَفْعَلُوْا**<br>ہرگز نہیں کروگے تم تمام مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **لَنْ تَفْعَلِیْ**<br>ہرگز نہیں کریگی تو ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مونث حاضر | **لَنْ تَفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کروگی تم دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **لَنْ تَفْعَلْنَ**<br>ہرگز نہیں کروگی تم تمام عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مونث حاضر |

| | |
|---|---|
| **لَنْ اُفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کرونگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **لَنْ نَفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کرینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب یا سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم |

## بحث نفی تاکید بہ لن در فعل مستقبل مجہول

| | | |
|---|---|---|
| **لَنْ يُفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کیا جاویگا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | **لَنْ يُفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کیے جاوینگے وہ دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **لَنْ يُفْعَلُوْا ۱**<br>ہرگز نہیں کیے جاوینگے وہ سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **لَنْ تُفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کیجاویگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث غائب | **لَنْ تُفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کیجاوینگی وہ دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب | **لَنْ يُفْعَلْنَ**<br>ہرگز نہیں کیجاوینگی وہ سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مؤنث غائب |
| **لَنْ تُفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کیا جاویگا تو ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **لَنْ تُفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کیے جاوینگے تم دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **لَنْ تُفْعَلُوْا ۲**<br>ہرگز نہیں کیے جاوینگے تم سب زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **لَنْ تُفْعَلِيْ**<br>ہرگز نہیں کی جاویگی تو ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث حاضر | **لَنْ تُفْعَلَا**<br>ہرگز نہیں کیجاوگی تم دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث حاضر | **لَنْ تُفْعَلْنَ**<br>ہرگز نہیں کیجاوینگی تم سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مؤنث حاضر |

| | |
|---|---|
| **لَنْ اُفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کیا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **لَنْ نُفْعَلَ**<br>ہرگز نہیں کیے جاویں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم |

(۱) لن کتنی جگہ آخر میں زبر کرتا ہے اور لن کا معنوی عمل کیا ہے (۲) لَنْ يَضْرِبَ ۔ لَنْ يَعْلَمَ ۔ لَنْ يَسْمَعَ ۔ لَنْ يَفْتَحَ کی پوری گردان کرو (۳) لن کا لفظی اور معنوی عمل بتاؤ ۔

# بیان نفی لم

اگر لم کے ساتھ نفی بنانا چاہو جس کو نفی جحد بلم کہتے ہیں تو مضارع کے شروع میں لم لاؤ اور لم کا لفظی عمل یہ ہے کہ مضارع کے پانچ صیغوں میں آخر حرف کو جزم کرتا ہے اگر اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو اور ہو تو اس کو گرا دیتا ہے جیسے لَمْ یَدْعُ میں سے (واو) اور لَمْ یَرْمِ میں سے (ی) اور لَمْ یَخْشَ میں سے (الف) حرف علت تین ہیں واو۔ الف۔ ی جس کا مجموعہ وائے ہے اور وہ پانچ صیغے یہ ہیں جہاں لم جزم کرتا ہے۔ واحد مذکر غائب۔ واحد مونث غائب۔ واحد مذکر حاضر۔ واحد متکلم۔ جمع متکلم۔ اور سات صیغوں میں نون اعرابی گرا دیتا ہے اور وہ سات صیغے یہ ہیں۔ تثنیہ مذکر غائب۔ تثنیہ مونث غائب تثنیہ مذکر حاضر۔ تثنیہ مونث حاضر۔ جمع مذکر غائب۔ جمع مذکر حاضر۔ واحد مونث حاضر اور دو صیغوں یعنے جمع مونث غائب اور جمع مونث حاضر میں لفظوں میں کچھ عمل نہیں کرتا جیسا کہ ہم بحث لن میں اسکی وجہ بیان کر چکے ہیں اور لفظ لن معنوں میں یہ عمل کرتا ہے کہ مضارع کو ماضی منفی کے معنی کر دیتا ہے

## بحث نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف

| | | |
|---|---|---|
| لَمْ یَفْعَلْ<br>نہ کیا اس ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مذکر غائب | لَمْ یَفْعَلَا<br>نہ کیا ان دو مردوں نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر غائب | لَمْ یَفْعَلُوْا<br>نہ کیا ان تمام مردوں نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مذکر غائب |
| لَمْ تَفْعَلْ<br>نہ کیا اس ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد مونث غائب | لَمْ تَفْعَلَا<br>نہ کیا ان دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ تثنیہ مونث غائب | لَمْ یَفْعَلْنَ<br>نہ کیا ان سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مونث غائب |

| | | |
|---|---|---|
| لَمْ تَفْعَلْ<br>نہ کیا تجھ ایکمرد نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مذکر حاضر | لَمْ تَفْعَلَا<br>نہ کیا تم دو مردوں نے زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | لَمْ تَفْعَلُوْا<br>نہ کیے تم سب مردوں نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مذکر حاضر |
| لَمْ تَفْعَلِیْ<br>نہ کیا تجھ ایک عورت نے زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ واحد مونث حاضر | لَمْ تَفْعَلَا<br>نہ کیا تم دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مونث حاضر | لَمْ تَفْعَلْنَ<br>نہ کیا تم سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ جمع مونث حاضر |

| | |
|---|---|
| لَمْ اَفْعَلْ<br>نہ کیا میں ایکمرد یا ایک عورت نے زمانہ<br>گزشتہ میں صیغہ واحد متکلم | لَمْ نَفْعَلْ<br>نہ کیے ہم دو مرد یا دو عورتوں نے یا<br>سب مردوں یا عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں صیغہ<br>جمع متکلم |

## بحث نفی جحد بلم در فعل مستقبل مجہول

| | | |
|---|---|---|
| لَمْ یُفْعَلْ<br>نہ کیا گیا وہ ایکمرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مذکر غائب | لَمْ یُفْعَلَا<br>نہ کیے گئے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر غائب | لَمْ یُفْعَلُوْا<br>نہ کیے گئے وہ سب مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مذکر غائب |
| لَمْ تُفْعَلْ<br>نہ کی گئی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ واحد مونث غائب | لَمْ تُفْعَلَا<br>نہ کیے گئے وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مونث غائب | لَمْ یُفْعَلْنَ<br>نہ کی گئیں وہ سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ جمع مونث غائب |
| لَمْ تُفْعَلْ<br>نہ کیا گیا تو ایکمرد زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ واحد مذکر حاضر | لَمْ تُفْعَلَا<br>نہ کیے گئے تم دو مرد زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | لَمْ تُفْعَلُوْا<br>نہ کیے گئے تم سب مرد زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| لَمْ تُفْعَلِیْ<br>نہ کی گئی تو ایک عورت زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ واحد مونث حاضر | لَمْ تُفْعَلَا<br>نہ کی گئیں تم دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں<br>صیغہ تثنیہ مونث حاضر | لَمْ تُفْعَلْنَ<br>نہ کی گئیں تم سب عورتیں زمانہ گزشتہ<br>میں صیغہ جمع مونث حاضر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | لَمْ نُفْعَلْ نہ کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا عورتیں زمانہ گزشتہ میں صیغہ جمع متکلم | لَمْ اُفْعَلْ نہ کیا گیا میں ہو یا ایک عورت زمانہ گزشتہ میں صیغہ واحد متکلم | |

مشق۔ لَمْ تُعْلَمْ۔ لَمْ يُفْتَحْ۔ لَمْ يُرْحَمْ۔ لَمْ يُفْهَمْ عربی بناؤ نہیں سنا ان سب عورتوں نے۔ نہیں کھوئے گئے وہ سب مرد۔

## بیان لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ

زبان عربی میں قاعدہ ہے کہ اگر کسی فعل کو تاکید سے یا نہایت تاکید سے بیان کرنا ہوتا ہے تو اس کے لیے علٰحدہ علٰحدہ صیغے مقرر کیے گئے ہیں پس جس میں نہایت درجہ کی تاکید ہوتی ہے اس کا نام بحث لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ رکھا ہے اور جس میں کم درجہ کی تاکید ہوتی ہے اس کا نام بحث لام تاکید یا نون تاکید خفیفہ رکھا ہے۔ نون ثقیلہ کے چودہ ۱۴ صیغے آتے ہیں اور نون خفیفہ کے آٹھ۔ لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مستقبل کے شروع میں لام تاکید لا کر نون ثقیلہ (نون مشدد) اس کے آخر میں بڑھا دو (لام تاکید کی حالت) اور لام تاکید پر ہمیشہ ایسی حالت میں کل صیغوں پر زبر ہوتا ہے۔

(نون ثقیلہ سے پہلے حرف کی حالت) نون مشدد سے پہلے حرف کو پانچ صیغوں میں زبر ہوتا ہے اور وہ پانچ صیغہ یہ ہیں واحد مذکر غائب۔ واحد مونث غائب واحد مذکر حاضر۔ واحد متکلم۔ جمع متکلم اور چھ صیغوں میں نون ثقیلہ سے پہلے الف ہوتا ہے۔ تثنیہ مذکر غائب۔ تثنیہ مونث غائب۔ تثنیہ مذکر حاضر۔ تثنیہ مونث حاضر۔ جمع مونث غائب۔ جمع مونث حاضر مگر آخر کے ان دو صیغوں میں یعنے جمع مونث غائب اور جمع مونث حاضر الف فاصل آتا ہے۔ اس کو الف فاصل اس واسطے کہتے ہیں کہ یہ نون جمع اور نون مشدد کو جدا کر دیتا ہے۔ اور جمع مذکر غائب اور جمع مذکر حاضر کے صیغہ میں واو کو گرا کر اسکے پہلے پیش دیتے ہیں تاکہ یہ بات معلوم ہو جائے کہ یہاں سے واؤ دور ہوا ہے اور واحد مونث حاضر کے صیغہ

میں سے ی اگرا کے اس کے پہلے زیر دیتے ہیں تاکہ یہ بات معلوم ہو جائے کہ یہاں سے ی دور ہوئی ہے (خود نون ثقیلہ کی حالت) جن چھ صیغوں میں الف آتا ہے نون ثقیلہ کو زیر اور باقی آٹھ صیغوں میں زبر ہوتا ہے۔

## بحث لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف

| | | |
|---|---|---|
| لَيَفْعَلَنَّ<br>البتہ البتہ کریگا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | لَيَفْعَلَانِّ<br>البتہ البتہ کرینگے وہ دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | لَيَفْعَلُنَّ<br>البتہ البتہ کرینگے وہ سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| لَتَفْعَلَنَّ<br>البتہ البتہ کریگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث غائب | لَتَفْعَلَانِّ<br>البتہ البتہ کرینگی وہ دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب | لَيَفْعَلْنَانِّ<br>البتہ البتہ کرینگی وہ سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مؤنث غائب |
| لَتَفْعَلَنَّ<br>البتہ البتہ کریگا تو ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر | لَتَفْعَلَانِّ<br>البتہ البتہ کروگے تم دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | لَتَفْعَلُنَّ<br>البتہ البتہ کریں گے تم سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| لَتَفْعَلِنَّ<br>البتہ البتہ کریگی تو ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث حاضر | لَتَفْعَلَانِّ<br>البتہ البتہ کروگی تم دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر | لَتَفْعَلْنَانِّ<br>البتہ البتہ کروگی تم سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مؤنث حاضر |
| لَأَفْعَلَنَّ<br>البتہ البتہ کرونگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد متکلم | لَنَفْعَلَنَّ<br>البتہ البتہ کرینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

# بحث لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل مجہول

| | | |
|---|---|---|
| **لَيُفْعَلَنَّ**<br>البتہ البتہ کیا جاویگا وہ ایکمرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | **لَيُفْعَلَانِّ**<br>البتہ البتہ کیے جاوینگے وہ دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر غائب | **لَيُفْعَلُنَّ**<br>البتہ البتہ کیے جاوینگے وہ سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب |
| **لَتُفْعَلَنَّ**<br>البتہ البتہ کی جاویگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث غائب | **لَتُفْعَلَانِّ**<br>البتہ البتہ کیجاوینگی وہ دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مؤنث غائب | **لَيُفْعَلْنَانِّ**<br>البتہ البتہ کیجاوینگی وہ سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مؤنث غائب |
| **لَتُفْعَلَنَّ**<br>البتہ البتہ کیا جاویگا تو ایکمرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر | **لَتُفْعَلَانِّ**<br>البتہ البتہ کیے جاوگے تم دو مرد زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر حاضر | **لَتُفْعَلُنَّ**<br>البتہ البتہ کیے جاوگے تم سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر |
| **لَتُفْعَلِنَّ**<br>البتہ البتہ کی جاویگی تو ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث حاضر | **لَتُفْعَلَانِّ**<br>البتہ البتہ کیجاؤگی تم دو عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر | **لَتُفْعَلْنَانِّ**<br>البتہ البتہ کیجاؤگی تم سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مؤنث حاضر |
| **لَأُفْعَلَنَّ**<br>البتہ البتہ کیا جاؤنگا میں ایکمرد یا ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **لَنُفْعَلَنَّ**<br>البتہ البتہ کیے جاوینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

## لام تاکید با نون خفیفہ بنانے کا قاعدہ

مستقبل کے اول لام تاکید اور آخر میں نون خفیفہ یعنی نون ساکن لے آؤ (لام کی حالت) لام تاکید کو بھی ہمیشہ زبر ہوتا ہے (نون خفیفہ کے ماقبل کی حالت) پانچ صیغوں میں زبر دو صیغوں میں پیش ایک صیغہ میں زیر ہوتا ہے مثل نون ثقیلہ کے نون خفیفہ سے بھی کل آٹھ صیغے آتے ہیں۔

## بحث لام تاکید با نون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل معروف

| | | |
|---|---|---|
| **لَيَفْعَلَنْ**<br>البتہ البتہ کریگا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب | **لَيَفْعَلُنْ**<br>البتہ البتہ کرینگے وہ سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب | **لَتَفْعَلُنْ**<br>البتہ البتہ کریگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث حاضر۔ |
| **لَتَفْعَلَنْ**<br>البتہ البتہ کریگا تو ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر۔ | **لَتَفْعَلُنْ**<br>البتہ البتہ کروگے تم سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر | **لَتَفْعَلِنْ**<br>البتہ البتہ کریگی تو ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مؤنث حاضر۔ |
| **لَاَفْعَلَنْ**<br>البتہ البتہ کرونگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **لَنَفْعَلَنْ**<br>البتہ البتہ کرینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

# بحث لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل مجہول

| | | |
|---|---|---|
| **لَيُفْعَلَنْ** البتہ البتہ کیا جاویگا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر غائب۔ | **لَيُفْعَلُنْ** البتہ البتہ کیے جاویں گے وہ سب مرد زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر غائب | **لَتُفْعَلَنْ** البتہ البتہ کیجاویگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مونث غائب۔ |
| **لَتُفْعَلَنْ** البتہ البتہ کیا جاویگا تو ایک مرد زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مذکر حاضر۔ | **لَتُفْعَلُنْ** البتہ البتہ کیے جاویں گے تم سب زمانہ استقبال میں صیغہ جمع مذکر حاضر | **لَتُفْعَلِنْ** البتہ البتہ کی جاویگی تو ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد مونث حاضر۔ |
| **لَاُفْعَلَنْ** البتہ البتہ کیا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ استقبال میں صیغہ واحد متکلم | **لَنُفْعَلَنْ** البتہ البتہ کیے جاویں گے ہم دو مرد دو عورتیں یا ہم سب مرد یا عورتیں زمانہ استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

مشق (۱) نون ثقیلہ کے ماقبل کی جگہ زبر ہوتا ہے اور کسی جگہ پیش اور کسی جگہ زیر (۲) خود نون ثقیلہ کی حالت بیان کرو (۳) نون خفیفہ کے ماقبل کی حالت بیان کرو (۴) صیغہ ہائے ذیل سے لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ کے صیغے بناؤ یَقْتُلُ ۔ یَضْرِبُ ۔ یَسْمَعُ ۔ یَکْرُمُ ۔ یَفْهَمُ ۔ یَدْخُلُ ۔ یَذْهَبُ ۔ عربی بناؤ۔ البتہ البتہ قتل کیے جاؤ گے تم سب مرد۔ البتہ البتہ مارا جائیگا وہ ایک مرد۔
البتہ البتہ نہیں کرینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں۔

# امر کا بیان

**امر کی تعریف**۔ امر وہ فعل ہے کہ جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم پایا جائے۔ اس کے صیغے مضارع سے بنتے ہیں یعنی امر غائب کو مضارع غائب سے اور حاضر کو حاضر سے اور متکلم کو متکلم سے بناتے ہیں اور معروف کو معروف سے اور مجہول سے مجہول اور ہر ایک کا جداگانہ قاعدہ ہے۔

**امر حاضر معروف** مضارع حاضر کے صیغے سے علامت مضارع کو گرادو بنانیکا **قاعدہ** یعنے تَ کے بعد دیکھو کہ بعد کا حرف متحرک ہے یا ساکن اگر متحرک ہے تو آخر کو ساکن کرو بشرطیکہ آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے تَعِدُ سے عِدْ اگر ہو تو گرادو جیسے تَقِی سے قِ اور اگر علامت مضارع کے دور کرنے کے بعد حرف ساکن رہے تو ع کلمہ کو دیکھو اگر زیر یا زبر رکھتا ہو تو اس کے اول ہمزہ وصل زیردار لاکر آخر کو ساکن کرو بشرطیکہ آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ۔ تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔ اور اگر آخر میں حرف علت ہو تو گرجاتا ہے جیسے تَرْمِی سے اِرْمِ۔ تَخْشٰی سے اِخْشَ

علامت مضارع کو دور کرنے کے بعد ع کلمہ کو پیش ہو تو اس کے اول میں ہمزہ وصل مضموم لاکر آخر کو ساکن کرو بشرطیکہ آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور اگر ہو تو گرجاتا ہے جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ۔

## امر حاضر معروف

| | | |
|---|---|---|
| اُفْعُلْ<br>کر تو ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مذکر | اُفْعُلَا<br>کرو تم دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر | اُفْعُلُوْا<br>کرو تم سب مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مذکر |
| اُفْعُلِیْ<br>کر تو ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مونث | اُفْعُلَا<br>کرو تم دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث | اُفْعُلْنَ<br>کرو تم سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مونث |

## امر غائب معروف

| | | |
|---|---|---|
| لِيُفْعَلْ<br>چاہیئے کہ کرے وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مذکر | لِيُفْعَلَا<br>چاہیئے کہ کریں وہ دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر | لِيُفْعَلُوْا<br>چاہیئے کہ کریں وہ سب مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مذکر |
| لِتَفْعَلْ<br>چاہیئے کہ کرے وہ ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مؤنث | لِتَفْعَلَا<br>چاہیئے کہ کریں وہ دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مؤنث | لِيُفْعَلْنَ<br>چاہیئے کہ کریں وہ سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مؤنث |
| لِاُفْعَلْ<br>چاہیئے کہ کروں میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد متکلم | لِنُفْعَلْ<br>چاہیئے کہ کریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

## قاعدہ بنانے امر حاضر مجہول و امر غائب معروف و مجہول کا

(۱) ان سب کے بنانے کا ایک ہی قاعدہ ہے اور وہ اس طرح پر ہے کہ لام امر مکسور مضارع کے اول میں لا کر آخر کو جزم دید و جبکہ آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے لِتُفْعَلْ۔ لِيَفْعَلْ۔ لِيُفْعَلْ۔ اور اگر ہو تو گر جاتا ہے جیسے لِيَدْعُ۔ لِيَرْمِ۔ لِيَخْشَ۔

(۲) نون ثقیلہ و خفیفہ کے صیغے جس طرح مضارع میں آتے ہیں امر میں بھی آتے ہیں البتہ امر میں نون اعرابی گر جاتا ہے۔

## امر حاضر مجہول

| | | |
|---|---|---|
| لِتُفْعَلْ<br>چاہیے کہ کیا جاوے تو ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مذکر | لِتُفْعَلَا<br>چاہیے کہ کیے جاؤ تم دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر | لِتُفْعَلُوْا<br>چاہیے کہ کیے جاؤ تم سب مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مذکر |
| لِتُفْعَلِیْ<br>چاہیے کہ کی جاوے تو ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مونث | لِتُفْعَلَا<br>چاہیے کہ کی جاؤ تم دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث | لِتُفْعَلْنَ<br>چاہیے کہ کی جاؤ تم سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مونث |

## امر غائب مجہول

| | | |
|---|---|---|
| لِیُفْعَلْ<br>چاہیے کہ کیا جاوے وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مذکر | لِیُفْعَلَا<br>چاہیے کہ کیے جاویں وہ دو مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مذکر | لِیُفْعَلُوْا<br>چاہیے کہ کیے جاویں وہ سب مرد زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مذکر |
| لِتُفْعَلْ<br>چاہیے کہ کی جاوے وہ ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد مونث | لِتُفْعَلَا<br>چاہیے کہ کی جاویں وہ دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ تثنیہ مونث | لِیُفْعَلْنَ<br>چاہیے کہ کی جاویں وہ سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع مونث |
| لِاُفْعَلْ<br>چاہیے کہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ واحد متکلم | لِنُفْعَلْ<br>چاہیے کہ کیے جاویں ہم دو یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں صیغہ جمع متکلم | |

## مشق

(۱) صیغہ ہائے ذیل سے امر حاضر بناؤ اور پوری گردان کرو۔
تَحْکُمُ ۔ تَعْلَمُ ۔ تَنْصُرُ ۔ تَضْرِبُ ۔ تَفْتَحُ
تَدْخُلُ ۔ تَجْتَنِبُ ۔ (۲) صیغہ ہائے ذیل کے معنی

## امر حاضر معروف با نون ثقیلہ

| | | |
|---|---|---|
